© rasailojaraid.com

## اعلان داخلہ ضمنی امتحان ونظر ثانی

☆...... وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحان 1437ھ کے پرچہ جات پر نظر ثانی کی درخواستیں 29 شوال المکرم تک وصول کی جائیں گی۔نظر ثانی دو مراحل میں مکمل ہوگی۔20 شوال المکرم تک وصول ہونے والی درخواستوں پر ضمنی امتحان سے قبل جبکہ بعد میں وصول ہونے والی درخواستوں پر ضمنی امتحان کے بعد نظر ثانی ہوگی۔

☆...... نظر ثانی کی درخواست میں طالب علم کا نام ،رقم الجلوس ،درجہ اور متعلقہ پرچے (جس پر نظر ثانی مطلوب ہے) کا نام ضرور تحریر کریں۔ایک پرچہ پر نظر ثانی کی فیس متعلقہ درجہ کی مکمل داخلہ فیس کے مساوی ہے۔

☆...... ضمنی امتحان 27، 28، 29 اگست 2016ء مطابق 23، 24، 25 ذیقعدہ 1437ھ بروز ہفتہ، اتوار، پیر منعقد ہوگا۔داخلہ 5 اگست مطابق 30 شوال تک وصول کیا جائے گا۔ضمنی امتحان کے روزانہ (صبح شام) دو پرچے ہونگے۔ضمنی امتحان میں راسب طلبہ وطالبات بھی شرکت کر سکتے ہیں۔

### داخلہ فیس کی شرح درج ذیل ہے

☆...... متوسطہ 325، ثانویہ عامہ 340، ثانویہ خاصہ سال اول 355، ثانویہ خاصہ سال دوم 365، عالیہ سال اول 410، عالیہ سال دوم 420، عالمیہ سال اول 510، عالمیہ سال دوم 520 روپے۔دراسات دینیہ سال اول 390، دراسات دینیہ سال دوم 410، تجوید للحفاظ 330، تجوید للعلماء 400 روپے ہے۔

## ''وفاق'' کی قدیم فاضلات کیلئے خوشخبری

☆...... قدیم فاضلاتِ وفاق کا امتحان 24 ذیقعدہ 1437ھ مطابق 28 اگست 2016ء بروز اتوار منعقد ہوگا۔ان شاء اللہ

### شرائط وضوابط

☆...... ایسی فاضلات جنہوں نے ثانویہ عامہ سے پہلے میٹرک کا امتحان پاس کیا ہے اور انہوں نے 1435ھ/2014ء یا اس سے قبل عالمیہ کا امتحان پاس کیا ہے ان سے سابقہ نصاب کی تکمیل کے لئے ایک امتحان لیا جائے گا۔یہ امتحان عالمیہ بنات کے پرانے نصاب کے مطابق ہوگا۔

☆...... ایسی فاضلات جنہوں نے ثانویہ عامہ سے پہلے میٹرک کا امتحان پاس نہیں کیا ہے ان سے سابقہ نصاب کی تکمیل کیلئے دو امتحان لیے جائیں گے۔پہلے امتحان کے وقت طالبہ کی عمر کم از کم 18 سال ہونا ضروری ہے۔جبکہ یہی فاضلات پہلے امتحان سے دو سال کے وقفے کے بعد دوسرا امتحان 1439ھ/2018ء میں دے سکیں گی۔پہلا امتحان عالیہ سال دوم بنات کے نئے نصاب کے مطابق ہوگا۔

☆...... اِس پہلے امتحان میں ایسی غیر میٹرک فاضلات بھی شریک ہوسکتی ہیں، جنہوں نے 1436ھ یا 1437ھ میں عالمیہ کا امتحان پاس کیا ہو۔

☆...... داخلہ فارم کے ساتھ تمام اصل اسناد مع کشف الدرجات اور شناختی کارڈ یا فارم ''ب'' کی مصدقہ کاپی لف کرنا ضروری ہے۔

☆...... میٹرک پاس فاضلات اپنی میٹرک کی سند کی مصدقہ نقل اور مدرسہ کے پہلے جائزہ امتحان کا مصدقہ نتیجہ بھی لف کریں۔

☆...... داخلہ فارم یکم جون تا 30 جولائی 2016ء دفتر وفاق کو بھیجے جاسکتے ہیں۔

### داخلہ فیس قدیم فاضلات

☆...... میٹرک پاس قدیم فاضلات (جو ایک ہی امتحان دیں گی) کی امتحانی فیس 3000 روپے ہوگی جبکہ غیر میٹرک فاضلات کیلئے پہلے امتحان کی فیس 2000 روپے اور دوسرے امتحان کی فیس 1500 روپے ہوگی۔

نوٹ: (1)...... مذکورہ بالا اعلان کے حوالے سے اگر کسی سوال یا وضاحت کی ضرورت ہو تو دفتر وفاق یا ناظم دفتر مولانا عبدالمجید صاحب کے نمبر 0300-7302469/0321-6341700 پر رابطہ فرمائیں۔نیز وفاق کی ویب سائٹ پر تفصیلات ملاحظہ فرمائیں۔

(2)...... جملہ ناظمین/ معاون ناظمین، معزز اراکین عاملہ اور مسئولین سے درخواست ہے کہ اس اعلان کی زیادہ سے زیادہ تشہیر فرمائیں۔تاکہ قدیم فاضلات ان امتحانوں میں شرکت سے محروم نہ رہیں۔

(3)...... اہلِ مدارس سے گزارش ہے کہ اپنی فاضلات سے رابطہ کریں اور ان کی شرکت کو یقینی بنائیں، نیز کوشش کی جائے کہ تمام فاضلات کے داخلہ فارم اکٹھے بھجوائے جائیں۔

**منجانب: (حضرت مولانا) محمد حنیف جالندھری ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان**

© rasailojaraid.com